شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

11 اکتوبر 2024ء

پریس ریلیز

مبارک ثانی قادیانی ریویو پٹیشن کا تفصیلی فیصلہ ملک میں قادیانی فتنہ کی بیخ کنی کے حوالے سے اہم سنگِ میل ہے۔

سپریم کورٹ کا شریعت اپیلٹ بینچ سود اور ٹرانسجینڈر ایکٹ کے حوالے سے فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلوں کے خلاف اپیلوں کو جلد از جلد نمٹائے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): مبارک ثانی قادیانی ریویو پٹیشن کا تفصیلی فیصلہ ملک میں قادیانی فتنہ کی بیخ کنی کے حوالے سے اہم سنگِ میل ہے۔ سپریم کورٹ کا شریعت اپیلٹ بینچ سود اور ٹرانسجینڈر ایکٹ کے حوالے سے فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلوں کے خلاف اپیلوں کو جلد از جلد نمٹائے۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ 23 اگست 2024ء پاکستان کی عدالتی تاریخ میں ایک روشن دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا جب چیف جسٹس کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے اپنے 6 فروری اور 27 جولائی 2024ء کے فیصلوں میں شرعی، آئینی اور قانونی اسقام کو تسلیم کرتے ہوئے رجوع کیا اور اپنے گزشتہ دونوں فیصلوں کو کالعدم قرار دیتے ہوئے مبارک ثانی قادیانی کی اپیل کو خارج کر دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ دینی جماعتوں، علماء کرام، ملک بھر کے وکلاء اور بار ایسوسی ایشنز، پارلیمان میں موجود عوامی نمائندگان، شعبہ صحافت سے متعلق افراد اور عوام الناس نے اس اہم دینی ذمہ داری کو انجام دینے کے لیے انتہائی تندہی سے جدوجہد کی اور بلا مبالغہ ملک میں ایک مؤثر اور پُرامن تحریک کا سا سماں باندھ دیا گیا۔ امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ فتنۂ قادیانیت کے خلاف اِس تاریخی فتح کے بعد اب ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کے آئین اور قانون میں موجود تمام غیر اسلامی شقوں کے خاتمہ کے لیے متحد ہو کر جدوجہد کا آغاز کیا جائے۔ اُنہوں نے چیف جسٹس کو توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ فیڈرل شریعت کورٹ کے سود اور ٹرانسجینڈر ایکٹ کے خلاف فیصلوں پر ابھی تک عمل درآمد نہیں کیا جا سکا کیونکہ اِن کے خلاف اپیلیں سپریم کورٹ کے شریعت اپیلٹ بینچ میں دائر ہیں۔ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ سپریم کورٹ کا شریعت اپیلٹ بینچ جس کی سربراہی چیف جسٹس صاحب خود کرتے ہیں وہ اِن اپیلوں کی فوری سماعت کر کے اِنہیں دینی تعلیمات اور آئین پاکستان کے مطابق نمٹائے تاکہ اللہ اور اُس کے رسول ﷺ سے مسلسل بغاوت کے باعث جس نحوست نے ملک کو گھیر رکھا ہے اُس کا خاتمہ ہو اور پاکستان کو صحیح معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بنانے کی طرف عملی قدم اُٹھایا جا سکے۔

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان